نمبر SU/CE/529
مورخہ 01-09-2021

یونیورسٹی آف سرگودھا

پریس ریلیز

یونیورسٹی آف سرگودھا کے زیر انتظام ایم اے /ایم ایس سی پارٹ ون/ کمپوزٹ دوسرا سالانہ امتحان 2020 / پہلا سالانہ امتحان 2021، 08اکتوبر 2021 سے جبکہ ایم اے /ایم ایس سی پارٹ ٹو/ کمپوزٹ دوسرا سالانہ امتحان2020 /پہلا سالانہ امتحان 2021، 25اکتوبر 2021 سے شروع ہو گا۔ پرائیویٹ امیدواران امتحان شروع ہونے سے ایک ہفتہ پہلے مندرجہ ذیل لنک پر اپنا شناختی کارڈ نمبر درج کرکے اپنی رول نمبر سلپس ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

https://annual.su.edu.pk/Examination/RollNoSlip/RollNoSlips

جبکہ ریگولر/لیٹ کالج امیدواران کے رولنمبر سلپس ان کے متعلقہ کالجوں کے پرنسپل کوارسال کردی جائیں گی۔ مزید براں رول نمبر سلپس اپ لوڈ ہونے کے بعد پرائیویٹ امیدواران کو بذریعہ ایس ایم ایس اور ای میل بھی مطلع کردیا جائے گا۔ پرائیویٹ امیدواران کی رول نمبر سلپس کی ترسیل بذریعہ ڈاک نہیں کی جائے گی۔

اگرکسی پرائیویٹ امیدوار نے امتحان شروع ہونے سے قبل مذکورہ لنک سے اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ نہ کی تو یونیورسٹی اسکے تعلیمی نقصان کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

ڈاکٹر محمد بشیر

کنٹرولر امتحانات